نیوز ریلیز

معاشرتی علوم کے نصاب کا مسّودہ: گفتگو میں حصہ لیں

14 مارچ، 2024ء میڈیا انکوائریز

البرٹنز کو ایک بار پھر دعوت دی جاتی ہے کہ وہ نئے مسّودہ معاشرتی علوم کے نصاب میں اہم سیکھنے کے بارے میں اپنی آراء فراہم کریں۔

گزشتہ سات ماہ کے دوران، البرٹا ایجوکیشن ایک نیا معاشرتی علوم کا نصاب تیار کرنے کیلئے، نصاب تیار کرنے والے ماہرین تعلیم کے ساتھ اورکمیونٹی شراکت داروں کے ساتھ مشغول رہی ہے۔ 300 سے زائد تعلیمی شراکت داروں، اساتذہ، کثیرالثقافتی تنظیمیں، مقامی اور فرانکوفون کمیونٹیاں قابل قدر آراء جمع کرنے میں مصروف رہی ہیں تاکہ کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 (K-12) معاشرتی علوم کے نصاب کا جائزہ اور K-6 معاشرتی علوم کے نصاب کا ایک جامع نیا مسودہ تیار کرنے میں مدد کیلئے معلومات فراہم کی جا سکیں۔ دوسری عوامی مشغولیت اب 29 مارچ تک کھلی ہے۔ البرٹنز نئے مسودے K-6 کے نصاب کو پڑھ سکتے ہیں اور اپنی رائے فراہم کر سکتے ہیں۔

"بہت سے تعلیمی شراکت داروں، کمیونٹی تنظیموں اور البرٹنز کا شکریہ جنھوں نے معاشرتی علوم کے نئے نصاب کی تیاری میں اپنی آراء فراہم کی ہیں۔ آپ کی بیش قیمت شراکتیں اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دیں گی کہ البرٹا کے طلباء ایک ایسے نصاب سے سیکھیں جو ان کی تنقیدی سوچ، مسئلہ کو حل کرنے اور فیصلہ سازی کی مہارتوں کی تعمیر کرتا ہے، اور انہیں ذمہ دار شہری بننے کا مختار بناتا ہے۔ مَیں تمام البرٹنز کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ معاشرتی علوم کے نصاب کے مسّودے میں کلیدی طور پر سیکھنے کے بارے میں اپنے تاثرات شیئر کریں، اور مَیں مستقبل میں تعاون کے مزید مواقع کا منتظر رہوں گا۔"

ڈیمیٹریوس نکولیڈز (Demetrios Nicolaides)، وزیرِتعلیم

مشاورت کا عمل 2023ء کے موسم گرما میں شروع ہوا، جب وزیرِتعلیم نے متعدد تعلیمی شراکت داروں سے ملاقاتیں کیں تاکہ آگے بڑھنے والے نصاب کی تیاری کیلئے اَپ ڈیٹ کردہ مشغولیت کے نقطہ نظر اور طریقہ کار کی سمجھ بوجھ پیدا کریں، جس کی ابتداء معاشرتی علوم سے ہوتی ہے۔

2023ء کے موسم خزاں میں، ایک مرحلہ وار مشغولیت کے طریقہ کار کے ایک حصے کے طور پر، البرٹنز نے 12,800 سے زائد آن لائن سروے مکمل کئے تاکہ وہ اپنی رائے فراہم کریں کہ وہ طلباء کو معاشرتی علوم کے نئے نصاب میں کیا سیکھتے ہوئے دیکھنا پسند کریں گے۔ سرویز کے نتائج نے واضح کیا کہ البرٹنز کے خیال میں تنقیدی سوچ کی مہارتوں کو بڑھانا اور مقامی، کینیڈین اور عالمی واقعات کو سمجھنا، اور عالمی و قومی تاریخ نئے معاشرتی علوم کے نصاب کے کلیدی عناصر ہونے چاہئیں۔

تب سے ہی، البرٹا ایجوکیشن نے K-12 معاشرتی علوم کے نصاب کے دائرہ کار اور ترتیب اور K-6 نصاب کے مسّودے کے مواد سے آگاہ کرنے کیلئے بہت سے اساتذہ، تعلیمی شراکت داروں، مقامی اور فرانکوفون کمیونٹیز، اور کثیرالثقافتی تنظیموں سے ملاقاتیں کی ہیں۔

البرٹا کی حکومت تعلیمی شراکت داروں اور البرٹنز کے ساتھ کام کرنا جاری رکھے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ترقی کے عمل میں ان کے نقطہ ہائے نظر اور آراء پر صحیح وقت پر غور و خوض کیا جائے۔

اسکول کے حکام کو 2024ء - 25ء کے تعلیمی سال میں کلاس رومز میں K-6 معاشرتی علوم کے نئے نصاب کا پائلٹ کرنے کا موقع ملے گا تاکہ وہ اضافی، تفصیلی رائے فراہم کرسکیں۔

البرٹا ایجوکیشن مشغولیت کی تمام سرگرمیوں، تحقیق اور کلاس روم کی پائلٹنگ کی آراء پر احتیاط سے غور کرے گی تاکہ K-6 معاشرتی علوم کے نصاب کو نافذالعمل کرنے سے پہلے حتمی شکل دی جا سکے۔

اہم حقائق:

- نئے K-12 معاشرتی علوم کے نصاب کے مسّودے کا جائزہ ایک اعلٰی سطح کا خلاصہ ہے کہ طلباء ہرگریڈ میں کیا سیکھتے ہیں اور ظاہر کرتا ہے کہ طلباء کے گریڈز کے تغیر کے ساتھ ساتھ سیکھنے میں کیسے ترقی ہوتی ہے۔
- نئے K-12 معاشرتی علوم کے نصاب کا مسّودہ ایک ایسی دستاویز ہے جسے اساتذہ استعمال کریں گے، جو انہیں اس بات کا تفصیلی خاکہ فراہم کرے گی کہ طلباء سے ہرگریڈ کے آخر میں کیا جاننے، سمجھنے اور کرنے کے قابل ہونے کی توقع کی جاتی ہے۔

متعلقہ معلومات

- مسّودہ K-12 معاشرتی علوم کے مضمون کا جائزہ (انگریزی)
- مسّودہ K-12 معاشرتی علوم کے مضمون کا جائزہ (فرانسیسی)
- مسّودہ K-6 معاشرتی علوم کا نصاب
- اپنی رائے دیں

متعلقہ خبریں

- معاشرتی علوم کے نئے نصاب کیلئے البرٹنز کی ترجیحات (14 دسمبر، 2023ء)
- معاشرتی علوم کے نئے نصاب کے بارے میں البرٹنز سے بات چیت کرنا (18 ستمبر، 2023ء)

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

میڈیا انکوائریز

گیبرئیل سِمبالِسٹی (Gabrielle Symbalisty)

780-218-8916
پریس سیکریٹری، ایجوکیشن